**پریس ریلیز 31 جنوری 2022**

محمد نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس نے راجہ طاہر شیر چیئرمین ڈپلومیٹ افیئرز سٹینڈنگ کمیٹی کے ہمراہ خورشید برلاس چیئرمین پاکستان ایسوی ایشن آف ایگزی بیشن انڈسٹری اور فہد برلاس سے راولپنڈی چیمبر آف کامرس میں 14 آل پاکستان چیمبرز صدور کانفرنس کے موقع پر خصوصی ملاقات کی۔

نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس نے گجرات چیمبر میں سالانہ صنعتی نمائش منعقد کروانے کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ہم جلد ہی گجرات میں صنعتی نمائش کا انعقاد کریں گے اور ہم اس کو جدید طریقے اور نئے آئیڈیا سے منعقد کروانا چاہتے ہیں۔ہم چاہتے ہیں کہ آپ اپنے وسیع تجربات ہمارے ساتھ شیئر کریں تاکہ ان کو بروئے کار لا کر اپنے ایونٹ کی مینجمنٹ بہترین طریقے سے کرسکیں اور اس سلسلے میں آپ کی ایسوی ایشن کے ساتھ ایک مفاہمتی یاداشت پر بھی دستخط ہو چکے ہیں۔

خورشید برلاس چیئرمین پاکستان ایسوی ایشن آف ایگزی بیشن انڈسٹری نے کہا کہ سالانہ صنعتی نمائش گجرات چیمبر آف کامرس کا بہت اہم اور بڑا ایونٹ ہے جس نے نیشنل اور انٹرنیشنل لیول پر اپنی پہچان بنالی ہے۔ہم بھی آپ کے ساتھ اپنے تجربات کو ضرور شیئر کریں گے اور اس ایونٹ کو منعقد کروانے میں آپ کی معاونت کریں گے۔